سرخیاں:

۱۔وزیراعظم نریندر مودی کل نظام آباد میں مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کریں گے۔

۲۔بی جے پی کے ریاستی صدر و مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ اسمبلی انتخابات کے لئے پارٹی امیدواروں کی پہلی فہرست جاریہ ماہ کے دوسرے ہفتہ میں جاری کی جائے گی۔

۳۔جن سینا پارٹی نے تلنگانہ میں 32 نشستوں پر مقابلہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اور

۴۔ریاستی وزیر کے ٹی آر نے عوام سے اپیل کی ہے کہ ریاست کی مزید ترقی کیلئے مجوزہ انتخابات میں بی آر ایس کی حمایت کی جائے۔

☆☆☆

تلگودیشم پارٹی کے قومی صدر و سابق وزیراعلیٰ آندھراپردیش این چندرا بابو نائیڈو نے ان کی مبینہ غیر قانونی گرفتاری کے خلاف آج راجمندری سنٹرل جیل میں صبح دس بجے سے شام پانچ بجے تک ایک روزہ بھوک ہڑتال کی۔ چندرا بابو نائیڈو کو سی آئی ڈی نے اسکل ڈیولپمنٹ کیس کے تحت 9 ستمبر کو گرفتار کیا تھا، تب سے وہ عدالتی تحویل میں ہیں۔ضمانت سے متعلق نائیڈو کی اپیل کو اے پی ہائی کورٹ کی جانب سے پہلے ہی مسترد کیا جاچکا ہے۔انہوں نے اب اس معاملہ کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا ہے۔

☆☆☆

بابائے قوم گاندھی جی کے یوم پیدائش پر آج انہیں بھرپور خراج پیش کیا گیا۔تلنگانہ میں مختلف مقامات پر گاندھی جی کے مجسموں اور پوٹریٹس پر گلہائے عقیدت پیش کئے گئے۔ وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے ملک کے لئے گاندھی کی خدمات اور قربانی کو یاد کیا اور کہا کہ گاندھی جی کے نظریات اور تعلیمات، ریاستِ تلنگانہ کی ترقی میں شامل رہے ہیں۔ کے سی آر نے کہا کہ گاندھی جی کے گرام سوراج کے خوابوں کی تلنگانہ کے مواضعات میں تعبیر نظر آتی ہے۔عوام نے آنجہانی وزیراعظم لال بہادری شاستری کی یوم پیدائش پر بھی آج انہیں بھرپور خراج پیش کیا ہے۔آئی ٹی و بلدی وزیر تارک راما راؤ نے سوریہ پیٹ میں واقع آئی ٹی ہب میں گاندھی جی کے پوٹریٹ پر پھول چڑھائے جبکہ وزیر فینانس ہریش راؤ نے سدی پیٹ میں بابائے قوم کو خراج پیش کیا۔ پنچایت راج کے وزیر دیا کر راؤ نے ہنمکنڈہ کے پبلک گارڈن میں گاندھی جی کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ وزیر نرنجن ریڈی نے ضلع ونپرتی کے منڈل ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ گاندھی جینتی تقریب میں شرکت کی۔ کھمم میں ٹرانسپورٹ کے وزیر اجئے کمار نے گاندھی جی کے مجسمہ پر پھول چڑھائے۔اسی دوران حیدرآباد کے گاندھی بھون میں واقع پردیش کانگریس کمیٹی کے ہیڈ کوارٹر پر بھی صدر پی سی سی ریونت ریڈی نے گاندھی جی اور لال بہادری شاستری کو خراج پیش کیا۔اس موقع پر سابق ارکان پارلیمنٹ انجن کمار یادو، مدھو یاشکی گوڑ، سابق وزیر ہنمنت راؤ، پشپا لتا، کودنڈا ریڈی، سید مجتبیٰ عابدی، سید ہاشم علوی، ڈاکٹر محمد سلیم، ڈاکٹر اعجاز الزماں، کنہیا لال، عثمان الحاجری، نظام الدین، محمد جمیل حسین، عشرت النساء، عظمیٰ شاکر اور دوسرے موجود تھے۔

☆☆☆

سدی پیٹ اور سکندرآباد کے درمیان کل سے دو پیسنجر ٹرینیں شروع کی جائیں گی۔ یہ ٹرین سدی پیٹ سے صبح چھ بجکر 45 منٹ پر روانہ

ہوگی اوراسی دن صبح دس بجکر15 منٹ پرسکندرآباد پہنچے گی۔اسی طرح یہ ٹرین سکندرآباد سے صبح دس بجکر35 منٹ پر روانہ ہوگی اوراسی دن دوپہر ایک بجکر45 منٹ پر سدی پیٹ پہنچے گی۔اسی طرح یہ ٹرین سدی پیٹ سے دوپہر دو بجکر پچاس منٹ پر نکلے گی اور شام پانچ بجکر دس منٹ پر سکندرآباد پہنچے گی۔واپسی میں یہ ٹرین سکندرآباد سے شام میں پانچ بجکر45 منٹ پر روانہ ہوگی اوراسی دن شام آٹھ بجکر 45 منٹ پر سدی پیٹ پہنچ جائے گی۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی کی جانب سے حاصل کردہ ای۔ ہراج کی یادگاروں کوکل سے عوام کے لئے کھول دیا جائے گا۔ 31اکتوبر تک بولیاں حاصل کی جائیں گی۔اس ہراج سے حاصل ہونے والی رقم Namame Gange پراجکٹ کوعطیہ کردی جائے گی۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی نے کسانوں کی بھلائی کے لئے حکومت کے عزائم کا اعادہ کیا ہے۔مودی نے کل اعلان کیا تھا کہ ہلدی کے کسانوں کی ضروریات اوران کے مستقبل کے پیش نظرقومی ہلدی بورڈ قائم کیا جائے گا۔نظام آباد کے رکن پارلیمنٹ اروند دھرماپوری کے ایک پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے آج اپنے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پرکہا کہ کسانوں کی بھلائی ہمیشہ سےان کی اولین ترجیح رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کا مقصد ہے کہ ہلدی کے کسانوں کی جس قدر ہوسکے مدد کی جائے گی۔مودی نے اِس بات کا تیقن دیا کہ ہلدی کے کسانوں کے روشن مستقبل کویقینی بنانے کے لئے حکومت کی جانب سے تمام تر اقدامات کئے جائیں گے۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی کل دوبارہ تلنگانہ کریں گے۔ وہ نظام آباد میں آٹھ ہزار کروڑ روپے لاگتی مختلف ترقیاتی پروگراموں کا افتتاح کریں گے۔وہ اس موقع پرآرٹ این ٹی پی سی 800 میگاواٹ برقی اسٹیشن کو جسے راما گنڈم میں تعمیر کیا گیا ہے، ریاستی عوام کے نام کریں گے۔ یہ اسٹیشن چھ ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے منایا گیا ہے۔ ہمارے نمائندے کے مطابق اِس پراجکٹ کے ذریعہ تقریباً85 فیصد برقی کوکم قیمت پرصرف ریاست میں ہی استعمال میں لایا جائے گا۔اس پراجکٹ سے روزگار کے مواقع بھی ملیں گے۔وزیراعظم اس کے علاوہ 20 ضلع ہیڈکوارٹرس میں پردھان منتری آیوشمان بھارت ہیلتھ مشن کے تحت مختلف دواخانوں میں 50 بستروں والے شعبوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔اِس کے علاوہ 348 کلومیٹر پر محیط دھرما آباد۔منوہرآباداورمحبوب نگر۔کرنول ریلوے لائن کوبھی قوم کے نام کیا جائے گا جسے 305 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔نریندرمودی،منوہرآباداورسدی پیٹ کے درمیان 1200 کروڑروپے کی لاگت سے تعمیرشدہ نئی ریلوے لائن کا بھی افتتاح انجام دیں گے۔

☆☆☆

مودی کل بیدرایرپورٹ سے دوبجکر55 منٹ پرنظام آباد کے ہیلی پیڈ پہنچیں گے، جہاں سے وہ نظام آباد میں واقع گریجا گورنمنٹ کالج گراؤنڈ جائیں گےاورمختلف ترقیاتی پروگراموں کا آغاز کریں گے۔اسی مقام پرایک عوامی جلسہ سے خطاب کرنے کے بعد شام پانچ بجے نظام آباد ہیلی پیڈ لوٹیں گےاوروہاں سے بیدرایرپورٹ کے لئے روانہ ہوجائیں گے۔

☆☆☆

گاندھی جینتی کے موقع پر آج عادل آباد ڈسٹرکٹ جیل میں قیدیوں کی بھلائی کا دن منایا گیا۔کلکٹر راہول راج اور ضلع ایڈیشنل سیشنس جج ڈاکٹر شیورام پرساد نے اِس پروگرام میں شرکت کی اور گاندھی جی کے پوٹریٹ پر پھول چڑھائے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر محمود علی، سبیتا اندرا ریڈی نے حیدرآباد میں واقع باپو گھاٹ پر گاندھی جی کو خراج پیش کیا۔سرکاری چیف سکریٹری شانتی کماری، ایم پی کیشو راؤ، جی ایچ ایم سی میئر گدوال وجے لکشمی نے بھی باپو گھاٹ، لنگر حوض پر بابائے قوم کو خراج پیش کیا۔

☆☆☆

صدر پردیش کانگریس کمیٹی ریونت ریڈی نے وزیراعظم کے دورہ محبوب نگر پر ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مودی کا یہ دورہ، بی جے پی اور بی آر ایس کی جانب سے اپوزیشن ووٹوں کو تقسیم کرنے کی ایک بڑی اسکیم ہے، جس کا مقصد بی آر ایس پارٹی کو مجوزہ اسمبلی انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے میں مدد دینا ہے۔حیدرآباد میں آج پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ مذکورہ دونوں پارٹیوں کے درمیان ایک خفیہ معاہدہ ہوا ہے جسے عوام بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ریونت ریڈی نے کہا کہ مودی نے نہ صرف کالیشورم یا شراب اسکام کا ذکر نہیں کیا، بلکہ عوام کو یہ یقین دلانے میں بھی ناکام رہے کہ وہ کے سی آر کی رشوت ستانی کا افشاء کریں گے۔ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ ہلدی بورڈ اور قبائلی یونیورسٹی سے متعلق وعدے نئے نہیں ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر و بی جے پی کے تلنگانہ اسٹیٹ صدر کشن ریڈی نے آج مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ سے نئی دہلی میں ملاقات کی۔دونوں نے تلنگانہ اسمبلی انتخابات میں پارٹی امیدواروں کے انتخاب کے علاوہ ریاست میں پارٹی کے موقف اور وزیراعظم کے دورہ تلنگانہ جیسے موضوعات پر بات چیت کی۔کشن ریڈی نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ نریندر مودی کے زیادہ سے زیادہ دورہ تلنگانہ کو منصوبوں میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆

جی ایچ ایم سی حدود میں آج سے ڈبل بیڈروم مکانات کی تقسیم کا تیسرا مرحلہ شروع ہوا۔اس مرحلہ کے لئے 36 ہزار 884 افراد کا انتخابات کیا گیا ہے۔ماباقی افراد کو اس ماہ کی پانچ تاریخ کو مکانات دئے جائیں گے۔اسی دوران وزیر سرینواس یادو نے کولور میں بھی ڈبل بیڈروم مکانات تقسیم کئے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ ترقی کے معاملہ میں تلنگانہ ملک بھر کے لئے ایک مثال ہے۔کے ٹی آر نے وزیر جگدیش ریڈی کے ہمراہ نلگنڈہ اور سوریہ پیٹ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر پر مختلف ترقیاتی پروگراموں کے افتتاح میں شرکت کی۔کے ٹی آر نے سوریہ پیٹ اور نلگنڈہ میں آئی ٹی ٹاور کا افتتاح کیا۔نلگنڈہ میں خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ حکومت مختلف ترقیاتی سرگرمیوں کو انجام دے رہی ہے، جنہیں گزشتہ 20 سالوں میں نہیں کیا گیا۔انہوں نے ریاست کی مزید ترقی کے لئے مجوزہ انتخابات میں بی آر ایس کی حمایت کرنے کی عوام سے اپیل کی۔

☆☆☆

راما گنڈم پولیس کمشنریٹ کی جانب سے آج پداپلی میں میگا بلڈ ڈونیشن کیمپ منعقد کیا گیا۔ وزیر ایشور نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ چھ ہزار سے زائد افراد نے خون کا عطیہ دیا۔

☆☆☆

فلم اداکار و سیاستدان پون کلیان کی جن سینا پارٹی نے تلنگانہ میں 32 اسمبلی حلقوں میں مقابلہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی کی جانب سے تمام 32 نشستوں پر انچارجوں کا تقرر کیا جا چکا ہے۔

☆☆☆

بعد ازاں کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ اسمبلی انتخابات کے لئے بی جے پی امیدواروں کی پہلی فہرست جاریہ ماہ کے دوسرے ہفتہ میں جاری کی جائے گی۔